**Urdu - اردو**

## نسلی مساوات کی ترویج کے لیے
## موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات

## محکمہ برائے سماجی بہبود

ضرورت کے حامل، ہانگ کانگ کے تمام رہائشی، اپنی قومیت یا نسل سے قطع نظر، سماجی بہبود کی خدمات سے اس وقت تک مساویانہ طور پر استفادہ کرتے ہیں جب تک وہ اہلیتی معیار کو پورا کرتے ہیں۔

نسلی مساوات اور مختلف نسلوں کے افراد کے لیے سماجی فلاحی خدمات تک مساویہ رسائی کی فراہمی کو فروغ دینے کے سلسلے میں محکمہ برائے سماجی بہبود(SWD) کی طرف سے کیے گئے /کیے جانے والے اقدامات کو ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔

### A. اقدامات جو مختلف نسلوں کے لوگوں کو متعلقہ فلاحی خدمات تک مساوی رسائی کے قابل بناتے ہیں

**متعلقہ خدمات**

- SWD ایسے اقدامات کو بروئے کار لاتا ہے جو مختلف نسلوں کے افراد کو متعلقہ سماجی بہبود کی خدمات تک مساوی رسائی کے قابل بناتے ہیں، اور سماجی بہبود کی خدمات کا استعمال کرنے والے مختلف نسلوں کے افراد کے ذاتی ڈیٹا کی حفاظت کرتا ہے۔

**موجودہ اقدامات**

مختلف نسلوں کے افراد سے متعلقہ شماریات اور معلومات سے رجوع

- فلاحی خدمات کی منصوبہ بندی اور نفاذ کے لیے، SWD نے نسلی اقلیتوں سے متعلقہ شماریات اور معلومات سے رجوع کیا ہے جو کہ مختلف ذرائع بشمول محکمہ مردم شماری و شماریات، دیگر حکومتی محکموں اور غیر سرکاری تنظیموں(NGOs) سے حاصل کی گئی ہیں، اور جنوری 2019 سے مختلف یونٹوں کی ترجمانی اور ترجمہ خدمات کے استعمال پر اعداد و شمار جمع کرنا شروع کر دیا ہے تاکہ مختلف نسلوں کے افراد کی سماجی ضروریات کو بہتر طور پر سمجھا جا سکے۔

مختلف نسلوں کی زبانوں میں خدماتی کتابچے

کلیدی خدماتی کتابچے چینی، انگریزی اور آٹھ دیگر زبانوں میں دستیاب ہیں[1]۔ انہیں سروس یونٹوں میں رکھا جاتا ہے اور / یا آسان رسائی اور رجوع کو سہل کرنے کے لئے SWD کے ہوم پیج پر اپ لوڈ کیا جاتا ہے۔

[1] آٹھ دیگر زبانیں بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، تگالوگ، تھائی، اردو اور ویتنامی ہیں۔

## SWD کا ہوم پیج

- SWD نے SWD کے ہوم پیج پر "مختلف نسلوں کے افراد کے لئے معلومات" کے نام سے ایک شارٹ کٹ آئیکان تیارکیا ہے تاکہ مختلف نسلوں کے لوگوں، عوام، SWD اور NGOs کے عملے کو مختلف نسلوں کی زبانوں میں متعلقہ خدمات کی معلومات تک آسان رسائی کی سہولت فراہم کی جاسکے۔

## ترجمانی کی خدمت

- مختلف نسلوں کے افراد کے لیے فلاحی خدمات فراہم کرتے ہوئے، SWD حسب مناسبت ترجمانی کی خدمات کا انتظام کرے گا۔ عملہ مختلف ذرائع سے نسلی اقلیتوں کے لئے ترجمانی کی خدمات کا استعمال کرسکتا ہے، جیسے عدالتی ترجمانی کی خدمات، ہسپتال اتھارٹی کی طرف سے فراہم کردہ ترجمانی کی خدمات، ہانگ کانگ کرسچن سروس کے تحت نسلی اقلیتی رہائشیوں کی ہم آہنگی اور ان کے فروغ کا مرکز(CHEER) جو محکمہ برائے اندرونی امور اور NGOs کی مالی اعانت سے ترجمانی کی فراہم کرتا ہے، وغیرہ۔

## ویب -کیم کی سہولیات

- SWD نے ضرورت پڑنے پر سروس صارفین، سماجی کارکنوں (بشمول NGOs کی طرف سے چلائے جانے والے ڈیپارٹمنٹل یونٹس اور انٹیگریٹڈ فیملی سروس سنٹرز / انٹیگریٹڈ سروسز سنٹرز) / سوشل سیکیورٹی اسٹاف اور مترجمین کے درمیان سہ فریقی ویڈیو کانفرنسنگ کے انعقاد کے لئے دس سروس یونٹس میں ویب کیم کی سہولیات نصب کی ہیں۔

## SWD ہاٹ الئن پر انکوائری کرنے والے مختلف النسل کالرز کے لیے فوری ٹیلیفون ترجمانی سروس تک رسائی

- SWD ہاٹ لائن <2343 2255> نے مختلف نسلوں کے کالرز کو مختلف نسلوں کی آٹھ عمومی زبانوں میں ٹیلی فون ترجمانی سروس تک فوری رسائی فراہم کی ہے تاکہ ان کی فلاحی خدمات کے استفسار کو آسان بنایا جاسکے۔

## نسلی اقلیتوں کے لیے سماجی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے یاد رکھنے کے نکات

- SWD نے " نسلی اقلیتوں کے لیے فلاحی خدمات فراہم کرنے کے لیے قابل غور نکات" (یاد رکھنے کے نکات) سماجی کارکنوں / محکمہ جاتی یونٹوں کے سماجی تحفظ کے عملے، انٹیگریٹڈ فیملی سروس سینٹرز/ انٹیگریٹڈ سروسز سینٹرز کے سماجی کارکنوں اور NGOs کے ذریعہ چلائے جانے والے نوجوانوں کی خدمات کو جاری کیا ہے تاکہ یہ مختلف نسلوں کے خدمت گزار گروپوں کے لیے سروس یونٹس کی غرض سے حوالہ کا کام کر سکیں۔ اس میں مختلف نسلوں کے مختلف گروہوں کے ثقافتی افعال اور مناسب ترجمانی اور ترجمے کی خدمات وغیرہ کو ترتیب

دینے کے طریقے شامل ہیں۔ SWD نے یاد رکھنے کے نکات، پروٹوکولز اور انگریزی متن کا مختصر ورژن سروس یونٹوں کو فراہم کر دیا ہے تاکہ کاؤنٹر پر تعینات عملہ اور ان ٹیک ورکران سے رجوع کر کے مختلف نسلوں کے افراد کی طرف سے موصول ہونے والی ڈراپ ان / ٹیلیفون استفسارات کو نپٹا سکیں۔

"نسلی اقلیتوں کے لیے معاونت اور ترجمانی کی خدمات" کے حوالے سے نوٹس

- مختلف نسلوں کے افراد کو فلاحی امداد کے ساتھ ساتھ ٹیلی فون کی ترجمانی کی خدمات حاصل کرنے کے لیے ان کے ذرائع کے بارے میں معلومات میں اضافہ کرنے کے لیے، SWD سروس یونٹس نے استقبالیہ جگہوں پر "نسلی اقلیتوں کے لیے معاونت اور ترجمانی کی خدمات" کے حوالے سے ایک نوٹس چسپاں کی ہے، جس کا مختلف نسلوں کی زبانوں میں ترجمہ کر دیا گیا ہے۔

- اس کے علاوہ، مختلف نسلوں کے افراد کو استفسارات / خدمات کے لئے آنے پر مذکورہ نوٹس کی ایک نقل فراہم کی جائے گی۔ یہ معلومات SWD کے ہوم پیج پر بھی دستیاب ہیں۔

سماجی بہبود کی خدمات تک رسائی کے حوالے سے غیر امتیازی داخلہ پالیسی

- SWD کے سروس یونٹس، NGOs کے ذریعے چلائی جانے والی معاونت یافتہ سروس یونٹس اور کانٹریکٹ سروس آپیرٹرز متعلقہ سروس معاہدوں اور کانٹریکٹ کے تقاضوں کی تعمیل کریں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ سروس صارفین کو سروس میں داخل ہونے اور باہر نکلنے کے بارے میں واضح اور درست معلومات حاصل ہوں، اور یہ کہ داخلہ پالیسی کو غیر امتیازی ہونا چاہیے۔

ذاتی ڈیٹا کا تحفظ

- ذاتی معلومات کی جمع آوری کا بیان چینی، انگریزی اور آٹھ دیگر زبانوں میں دستیاب ہے[2]، تاکہ مختلف نسلوں کے لوگ اس مقصد سے بہتر طور پر آگہی حصل کرسکیں جس کے لئے SWD کا عملہ ان کا ذاتی ڈیٹا جمع کرتا ہے جب وہ خدمات / مدد مانگتے، نیز انہیں ذاتی ڈیٹا (پرائیویسی) آرڈیننس کے تحت اپنے ذاتی ڈیٹا تک رسائی اور درست کرنے کا حق ہے.

مختلف نسلوں کے افراد کی ضروریات کی تکمیل کے پیش نظر تشکیل کردہ خدمات

- نسلی اقلیتوں کے لئے آؤٹ ریچنگ ٹیم فعال طور پر مختلف نسلوں کے لوگوں تک پہنچتی ہے اور ضرورت مندوں کو مرکزی دھارے کی فلاحی خدمات سے منسلک کرتی ہے۔
- گھریلو تشدد اور جنسی تشدد کے بارے میں مختلف نسلوں کے لوگوں میں شعور اجاگر کرنے اور ان متاثرین کو مدد حاصل کرنے کی ترغیب دینے کے لئے کمیونٹی ایجوکیشن پروگرامز۔
- خصوصی بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز اور ابتدائی تعلیم اور تربیتی مراکز کے لئے سبسڈی کی فراہمی جو کہ اسکول کی تعلیم کے آغاز سے قبل خصوصی ضروریات کے حامل نسلی اقلیت کے بچوں کو داخل کرتے ہیں تاکہ بچوں کو ان کی تربیت، ان کے والدین/ نگہداشت کنندگان کے ساتھ بات چیت اور/ یا خاندانوں کے لئے سماجی مدد کی فراہمی میں مدد فراہم کی جاسکے۔
- مختلف نسلوں کی زیادہ آبادی والے اضلاع میں واقع پانچ والدین/رشتہ داروں کے وسائل کے مراکز میں خصوصی نسلی اقلیتی اکائیوں کا قیام (جیسے وسطی اور مغربی، Kwun Tong, Yau Tsim Mong, Kwai Tsing and Yuen Long) تاکہ ضلع اور آس پاس کے اضلاع میں مختلف نسلوں کے معذورین اور ان کے اہل خانہ اور نگہداشت کنندگان کو مناسب خدمات فراہم کی جا سکیں، اور ان کی ضروریات کو پورا کرنے اور سماجی شمولیت کو فروغ دینے کے لئے کمیونٹی خدمات کے استعمال کی حوصلہ افزائی کی جاسکے۔

[2] آٹھ دیگر زبانیں بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، تگالوگ، تھائی، اردو اور ویتنامی ہیں۔

**مستقبل کے کام کا جائزہ**

مختلف نسلوں کی زبانوں میں خدماتی کتابچے

- SWD باقاعدگی سے عملے اور سروس صارفین سے خدماتی کتابچوں کے حوالے سے فیڈ بیک وصول کرنا جاری رکھے گا۔

SWD کا ہوم پیج

- SWD عملے اور سروس کے صارفین سے باقاعدگی کے ساتھ SWD کے ہوم پیج پر فیڈ بیک کی وصولی جاری رکھے گا۔

سماجی بہبود کی خدمات تک رسائی کے حوالے سے غیر امتیازی داخلہ پالیسی

- SWD کی سروس یونٹس، NGOs کے ذریعے چلائی جانے والی معاونت یافتہ سروس یونٹس اور کانٹریکٹ سروس آپریٹرز جاری جانچوں کے ذریعے مذکورہ بالا کے مطابق غیر امتیازی داخلہ پالیسی کے ساتھ اپنی پاسداری کی نگرانی جاری رکھیں گے۔

نسلی مساوات کی ترویج کے لیے اشارہ (اشارے)

- SWD نسلی مساوات کو فروغ دینا جاری رکھے گا اور اس کے ذرائع میں سے ایک قائم شدہ اشارے (اشاروں) کے حصول کی شرح(شرحیں) اور اس کے مؤثر ہونے کا جائزہ لینا ہے۔

**اضافی اقدامات جو کے لیے جانے ہیں**

- SWD جاری رکھے گا -
  - اہم فلاحی خدمات کا احاطہ کرنے کے لیے مزید خدماتی کتابچوں کا ترجمہ کرنا اور مناسب طور پر انہیں SWD کے ہوم پیج پر اپلوڈ کرنا؛
  - مختلف نسلوں کی زبانوں میں سروس کی معلومات اور پمفلٹس کو اپ ڈیٹ کرنا جیسا اور جب ایسا کرنا ضروری ہو؛ اور
  - مختلف نسلوں کی زبانوں میں نئے خدماتی کتابچوں کو تیار کرنا اور انہیں SWD کے ہوم پیج پر اپلوڈ کرنا جیسا اور جب ایسا کرنا ضروری ہو۔

وہ خدمات جو بالخصوص مختلف نسلوں کے افراد کے لیے تشکیل دی گئی ہیں

- SWD بالخصوص مختلف نسلوں کے افراد کی ضروریات کی تکمیل کے لیے خدمات کی فراہمی جاری رکھے گا، مثلاً EM ڈسٹرکٹ ایمبسیڈر کے حوالے سے پائلٹ سکیم۔

## B. SWD، NGOs اور کنٹریکٹ سروس یونٹس کے عملے کی تربیت

**متعلقہ خدمات**

- SWD / NGOs/ کانٹریکٹ سروس یونٹ کے عملے کی آگہی، فہم اور حساسیت میں اضافے کرنا جہاں تک کہ نسلی مساوات کا معاملہ ہے۔

**موجودہ اقدامات**

- SWD جاری رکھے گا –

- نسلی امتیاز کے آرڈیننس (RDO) اور SWD کے عملے کے لیے متعلقہ رہنما خطوط کے حوالے سے تربیت کا انتظام کرنا؛

- متعلقہ رہنما خطوط کو SWD کے انٹرانیٹ پر SWD عملے کے حوالے کے لیے اور تربیتی مواد کو ای-لرننگ سنٹر پر SWD کے عملے اور NGOs کی آسان رسائی کے لیے اپلوڈ کرنا؛

- مختلف نسلوں کے افراد کی ثقافت، طرز زندگی اور خدمات کی ضروریات کے بارے میں ان کے علم اور حساسیت میں اضافے کے لیے SWD، NGOs اور کانٹریکٹ سروس یونٹس کے عملے کے لیے تربیتی پروگراموں کا انعقاد کرنا؛ اور

- SWD کے عملے کی حوصلہ افزائی کرنا کہ وہ سول سروس ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ انسٹی ٹیوٹ، مساوی مواقع کمیشن یا متعلقہ اداروں کے زیر اہتمام RDO اور متعلقہ رہنما خطوط، نسلی حساسیت اور ثقافتی تنوع پر تربیتی کورسز میں شرکت کریں۔

**مستقبل کے کام کا جائزہ**

- SWD جاری رکھے گا –

- سالانہ بنیاد پر منعقد کی جانے والی متعلقہ تربیتی سرگرمیوں، اورشرکاء کی تعداد کے ساتھ گریڈ/رینک کے ڈیٹا کی جمع آوری اورتجزیہ کرنا؛

- منعقد شدہ تربیتی سرگرمیوں کے حوالے سے شرکاء سے فیڈ بیک کی جمع آوری کرنا؛ اور

- عملے سے تجاویز طلب کرنا کہ کون سے تربیتی پروگرام پیش کیے جانے چاہئیں

**عوامی استفسارات**

نسلی مساوات کی ترویج کے موجودہ اور منصوبہ جاتی اقدامات سے متعلقہ استفسارات کے لیے، براہ کرم مندرجہ ذیل چینلز کے ذریعے افسران سے رابطہ کریں،

1) جناب CHEUNG Ka-wan، کارپوریٹ پلاننگ اینڈ کوآرڈینیشن سیکشن کے سوشل ورک آفیسر (کارپوریٹ کوآرڈینیشن)

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلی فون نمبر | : | 2152 9305 |
| فیکس نمبر | : | 2116 9070 |
| ای میل | : | cpcsenq@swd.gov.hk |
| ڈاک کا پتہ | : | 8/F, Wu Chung House, 213 Queen's Road East, Wan Chai, Hong Kong |

2) محترمہ Cathy TANG، سوشل ورک آفیسر (فیملی) 6 فیملی سروسز سیکشن

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلی فون نمبر | : | 2892 5179 |
| فیکس نمبر | : | 2833 5840 |
| ای میل | : | fcwenq@swd.gov.hk |
| ڈاک کا پتہ | : | 8/F, Wu Chung House, 213 Queen's Road East, Wan Chai, Hong Kong |

**محکمہ برائے سماجی بہبود**
**جون 2024**